جمعرات، 13 اپریل۔ 2023
Thursday 13 April-2023

8
Hindustan Express
روزنامہ ہندوستان ایکسپریس دہلی

فراق نے اردو شاعری کی زبان کو ترقی دی: سید تقی عابدی

نئی دہلی، 12 اپریل (یو این آئی) فراق ایک جینیئس تھے۔ وہ فطری شاعر تھے بناوٹی نہیں۔ انھوں نے اردو شاعری کو ایک جدید عاشق دیا۔ فراق کے پاس مقامی تھیوری ہے۔ وہ اپنی شاعری میں ملک کی تصویر پیش کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ساہتیہ اکادمی کے زیر اہتمام 'فراق گورکھپوری: شخصیت اور فن' موضوع پر منعقدہ 'لٹریری فورم' پروگرام میں اردو کے ممتاز اسکالر، نقاد، دانشور ڈاکٹر سید تقی عابدی نے اپنے خصوصی خطبے میں کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اردو میں فراق جیسا کوئی شاعر پیدا نہیں ہوا۔ وہ ایک نابغہ روزگار شخصیت کے مالک تھے۔ ڈاکٹر عابدی نے فراق کی حالات زندگی پر بھی روشنی ڈالی اور ان کے کلام پیش کرتے ہوئے اپنی دلیلیں قائم کیں۔ پروگرام کے ابتدا میں اردو مشاورتی بورڈ کے کنوینر چندر بھان خیال نے اپنے ابتدائی کلمات میں کہا کہ فراق بیسویں صدی کی اردو ادب کی سب سے اہم ترین شخصیت تھے۔ انھوں نے اردو کے ہر صنف کو مالا مال کیا، چاہے وہ شاعری ہو یا تنقید۔ وہ ہر فن مولیٰ شخصیت کے مالک تھے۔